© rasailojaraid.com



عینک فریمی

# زبان میری ہے بات اُن کی

☆ پاکستان نیوکلیئر ریگولیٹری اتھارٹی میں ملازمت کے مواقع (ایک اشتہار)

دوسرے لفظوں میں گرفتار ہونے کے بہترین مواقع

☆ سینٹ میں ارکان کو بٹھائے رکھنے کے لئے اذان رکوادی' ایم ایم اے کا شدید احتجاج۔ (ایک خبر)

''ویسے ہم علماء سے بہتر مسلمان ہیں!''

☆ حکومت کی طرف سے نو پاکستانی ایٹمی سائنسدان گرفتار' ڈاکٹر قدیر خان بھی زیرِ تفتیش (ایک خبر)

اب سائنسداں ہوا کرے کوئی

☆ ملتان میں خواتین آرٹسٹ 'پہلی بار' میں ہی سٹیج پر لایا۔ (ایس قمر زیدی)

لعنت بے شمار............ بکار سرکار!

☆ مشرف پر اعتماد ہے۔ ہم اُن کے ساتھ ہیں۔۔ (امریکہ)

حملہ' امریکہ کا ساتھ دینے کی وجہ سے ہوا۔ (عمران خان)

☆ سارک ممالک کے سربراہوں کی میز پر پھول مرجھا گئے۔ (ایک خبر)

کانٹے ہرے رہے۔

☆ نئے سوال آئے ہیں۔ نئے جواب مانگے گئے ہیں۔ (واجپائی)

اِسے لفظوں کی دجل و تلبیس کے سوا کیا کہا جا سکتا ہے۔

☆ دل کی سوچیں تبدیل کر کے' شراب چھوڑ دی ہے۔ (بُش)

مسلمانوں کا خون پینا شروع کر دیا۔

☆ معیشت مستحکم ہو گئی ہے۔ (پرویز مشرف)

اور غریبوں کی ماں مر گئی ہے۔

☆ قاسم ضیاء کی بھانجی کی منصور لغاری کے بیٹے سے شادی۔ چودھری شجاعت حسین نے بھی شرکت کی۔ (ایک خبر)

اندر سے سب ایک ہیں۔

☆ عورت سے ڈرنے والے چوڑیاں پہن کر گھر بیٹھ جائیں' مُکّے دکھانے والے جرنیل نے طیارہ ہائی جیک کروا کر بتا دیا کہ وہ کتنا بہادر ہے۔ (تہمینہ دولتانہ)

بلا تبصرہ!

© rasailojaraid.com